# الیکشن کمیشن آف پاکستان

(شعبہ تعلقات عامہ)

## پریس ریلیز

مورخہ 18 ستمبر، 2017

**چاروں صوبوں اور اسلام آباد سیکرٹریٹ سے تعلق رکھنے والے گریڈ 18 کے 29 افسران کی 6 ہفتوں پر محیط ٹریننگ کا آغاز۔**

عام انتخاباب 2018ء کی تیاریوں کے سلسلے میں الیکشن کمیشن کے افسران کی تربیت کا سلسلہ جاری ہے۔ اوراس سلسلے میں الیکٹورل مینجمنٹ کورس(EMC ) کا ساتواں بیچ کا آغاز مورخہ 19 ستمبر 2017ء بروز منگل سے ہورہا ہے جو کہ 27 اکتوبر 2017ء تک جاری رہے گا۔ چھ ہفتوں پر محیط اس جامع تربیتی کورس میں گریڈ 18 کہ 29 افسران جو کہ ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنرز اور ڈپٹی ڈائریکٹر جو کہ چاروں صوبوں بشمول سیکرٹریٹ اسلام آباد شامل ہوں گے۔ سیکرٹری الیکشن کمیشن بابر یعقوب فتح محمد اس تربیتی کورس کا باقاعدہ افتتاح کریں گے۔ یہ تربیتی کورس بین الاقوامی معیار کے مطابق ترتیب دیا گیا ہے جس میں لیگل فریم ورک، حلقہ بندیوں، جینڈر اور الیکشن پر مفصل اور جامع تربیت دی جائے گی تاکہ یہ افسران تربیت حاصل کرنے کے بعد پوری طرح عام انتخابات 2018ء کے لئے تیار ہو جائیں۔ ان سے عملی مشقیں بھی کروائیں جائیں گی۔ اس ٹریننگ کا مقصد ان افسران کو عام انتخابات 2018ء کے لئے اس طرح تیار کرنا ہے کہ وہ ان انتخابات میں اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کر سکیں۔

واضح رہے کہ اس سے پہلے گریڈ 17 کے 57 افسران، گریڈ 18 کے 85 افسران اور گریڈ 19 کے 20 افسران EMC کی تربیت حاصل کر چکے ہیں-اس تربیتی کورس کا مقصد آئندہ عام انتخابات،2018 کے حوالے سے فیلڈ آفیسرز کی تربیت کرنا ہے تاکہ آئندہ الیکشن، صاف وشفاف اور غیر جانبدارنہ ثابت ہو سکیں-

☆☆☆☆☆☆☆